دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ، ڈس ایبلیٹی ایجوکیشن پروگرام میں، سینٹر آف ایکسیلینس کے مقام سے سرفراز

New Delhi, January 13, 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ انیس سواسی سے معذور افراد کی ترقی، خودمختاری اور بازآبادکاری کا فریضہ انجام دے رہا ہے۔ جامعہ ملیہ اسلامیہ اپنے تعلیمی عہد اور شمولیتی وژن سے معذور افراد کو تعلیم، تربیت اور بازآبادکاری کے ذریعے اصل دھارے میں لانے کے سلسلے میں اپنی خدمات سے ملک کا ایک اہم ادارہ بن گیا ہے۔

شعبہ تربیت اساتذہ وغیر رسمی تعلیم اور شعبہ نفسیات کی جانب سے جاری معذوریت سے متعلق پروگرام جامعہ کی طویل مدتی خدمات اور تعلیمی افضلیت کے پیش نظر اسے ریہیبلی ٹیشن کونسل آف انڈیا کی جانب سے غیر معمولی اعزاز حاصل ہوا ہے۔ جامعہ کے یہ پروگرام اپنے معیار، گہرائی و گیرائی، پیشہ ورانہ معنویت اور سماجی اثر کے لیے مشہور ہیں۔

سردست شعبہ تربیت اساتذہ وغیر رسمی تعلیم اور شعبہ نفسیات اسپیشل ایجوکیشن میں درج ذیل پروگرام چلا رہے ہیں: بی ایڈ اسپیشل ایجوکیشن (لرننگ ڈس ایبلیٹی)؛ بی ایڈ اسپیشل ایجوکیشن (بصری نقص)؛ ایم ایڈ اسپیشل ایجوکیشن (لرننگ ڈس ایبلیٹی)؛ ایم ایڈ اسپیشل ایجوکیشن (بصری نقص) اور ایڈوانسڈ ڈپلوما ان چائلڈ ہوڈ گائیڈینس اینڈ کاؤنسلنگ۔

ان پروگراموں نے مختلف تعلیمی اور بازآبادکاری ماحول میں متنوع معذوری گروپ کے ساتھ کام کرنے کی صلاحیتوں سے آراستہ کوالیفائیڈ خصوصی معلمین اور پیشہ وروں کی تیاری میں غیر معمولی رول ادا کیا ہے۔

یہ اعزاز خاص طور پر اہم ہے کیوں کہ ان پروگرام کی منظوری کی مدت میں متعینہ دورانیے سے زیادہ توسیع کی گئی ہے۔ کیوں کہ اس سے پیش تر پروگراموں کی منظوری عام طور پر پانچ برسوں کی ہوتی تھی موجودہ منظوری کو بڑھا کر سات برسوں تک کر دیا گیا ہے جو کہ سب سے زیادہ مدت ہے۔ اسی طرح شعبہ نفسیات، جامعہ ملیہ اسلامیہ میں جو جاری پروگرام جو پہلے صرف تین برسوں کا تھا اس میں مزید چار برسوں کی توسیع کی گئی ہے۔ اس سے یہ پروگرام کل سات برسوں تک چل سکیں گے وہ بھی بغیر دوبارہ درخواست دیے اور بغیر تجدید کے۔

اس اعزاز کا قابل نتیجہ پہلو یہ ہے کہ یونیورسٹی نے ان پروگراموں کی منظوری اور پروسیسنگ کے لیے جو فیس جمع کی تھی متعلقہ کونسل نے اسے واپس کرنا منظور کیا ہے۔ کونسل کا یہ انوکھا عمل، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی متواتر کارکردگی، ادارہ جاتی ساکھ اور تعلیمی معیارات کے تئیں انتہائی اعتماد کو ظاہر کرتا ہے۔

پروفیسر مظہر آصف، شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ کی دوراندیش قیادت میں جنھوں نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ڈس ایبلیٹی

ایجوکیشن کے استحکام میں غیر معمولی رول ادا کیا ہے یونیورسٹی گرانٹس کمیشن (یو جی سی) کو ڈپارٹمنٹ آف ڈس ایبلیٹی اسٹڈیز قائم کرنے کا پروپزول ملا ہے۔اس موقع پر پروفیسر مظہر آصف نے کہا کہ ''جامعہ ملیہ اسلامیہ کو سینٹر آف ایکسیلینس کا اسٹیٹس ملنا جامعہ میں ڈس ایبلیٹی مرکوز تعلیم، تحقیق وتربیت کو ادارہ جاتی کرنے میں اہم سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے اور ایسا مقصد جو جامعہ کی روح کے بہت قریب ہے یعنی معذور افراد کو با اختیار بنانے اور ان کی باز آبادکاری کے سلسلے میں عظیم کردار ادا کرے گا۔

پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے جو میٹنگ منعقد کرانے اور جامعہ میں ڈپارٹمنٹ آف ڈس ایبلیٹی اسٹڈیز قائم کرنے کے سلسلے میں تمام مطلوبہ کارروائیوں کو مکمل کرنے میں فعال رہے ہیں کہا کہ ''جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ڈپارٹمنٹ آف ڈس ایبلیٹی اسٹڈیز کو وجود میں لانے میں فیکلٹی اراکین کی غیر معمولی محنت اور اپنے فرائض کے تئیں ان کا عہد کافی اہم رہا ہے۔ مجھے یقین ہے کہ تدریس وتربیت کے اس اہم میدان میں نیا شعبہ شاندار اور مثالی کام کرے گا۔''

اس اہم حصولیابی پر پروفیسر آصف نے شعبہ تربیت اساتذہ وغیر رسمی تعلیم اور شعبہ نفسیات کے فیکلٹی اراکین کو مبارک باد پیش کی اور جامعہ برادری کو بھی متحدہ کوششوں کے لیے مبارک باد دی اور اس شعبے میں افضلیت کو برقرار رکھنے کے سلسلے میں نیک خواہشات کا بھی اظہار کیا۔ پروفیسر رضوی نے بھی مبارک باد پیش کی اور جامعہ کو معذور افراد کی تعلیم وتربیت کے سلسلے میں ایک مقبول یونیورسٹی بنانے میں مکمل تعاون کا یقین دلایا۔ایڈوانسڈ ڈپو ما ان چائلڈ ہوڈ گائیڈینس اینڈ کاؤنسلنگ اور اسپیشل ایجوکیشن پروگرام جس کے رابطہ کار ڈاکٹر محمد فیض اللہ ہیں معذوریت اور باز آبادکاری تعلیم کے میدان میں اہم اقدام ہے۔اس کامیابی پر اظہار خیال کرتے ہوئے ڈاکٹر خان نے کہا کہ یہ اعزاز ''جامعہ ملیہ اسلامیہ کے شمولیتی ڈس ایبلیٹی ایجوکین اور اعلی معیاری پیشہ ورانہ تربیت کے تئیں جامعہ کے دیرینہ عہد کا اعادہ کرتا ہے۔

جامعہ ملیہ اسلامیہ تعلیمی پروگراموں کی توسیع، مزید مواقع پیدا کرنے، تعلیم، با اختیاری اور معذور افراد کی ہمہ جہت ترقی ونشونما کے مقصد سے اضافی پروگرام شروع کرنے کے لیے پر امید ہے۔

پروفیسر صائمہ سعید
افسر اعلی، تعلقات عامہ
جامعہ ملیہ اسلامیہ